1989ء سے مسلسل اشاعت | 8 تا 14 دسمبر 2023 | شمارہ نمبر 50 | جلد نمبر 35

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-


**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-3629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp





BMG

بزنس مین پینل

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725





# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a premium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user.

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




VERITAC

SELF ADHESIVE STICKER PAPER
INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general and use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

1989ء سے مسلسل اشاعت
weeklypaperbusiness.com

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز، وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطے کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک
صفحات: 24 رنگین 16 عمومی

رابطہ آفس: A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M، نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی۔ فون: 0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**چیف ایڈیٹر:**
محمد رؤف



**ایڈیٹوریل بورڈ:**
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی
سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری
معاون: عدنان انصاری

**پبلشرز:** حرا رؤف نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

**چارجز: 100 روپے**

| | |
|---|---|
| کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ | 2500 روپے |
| بیرون کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ | 3000 روپے |
| خصوصی نرخ برائے کراچی پیپر مارکیٹ | 1500 روپے |
| ای میگزین | 1500 روپے |

**for Online Pyments**
**Summit Bank**
Paper Market Branch,Karachi
A/c-No:01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960
**United Bank Ltd (UBL)**
Stratchen Road Branch, Karachi
A/c No : 0161596-4 Branch Cade: 0367

# بہتر ہوتا اپیما کی جنرل باڈی میں فیصلے ہوتے

## انصاف بزنس پینل کی فیڈریشن کے فیصلے کے خلاف اپیل پر سماعت کے دوران، 4 دسمبر کو سماعت کے دوران ڈی جی ٹی او کے ریمارکس

### آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر شہزاد شوکت نے دلائل دیئے، انصاف پینل کی جانب سے رضوان کیانی پیش ہوئے

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) پیپر مارکیٹ میں قائم حزب اختلاف کے انصاف بزنس پینل کے لیڈران نجم الرحمن اور مراد اقبال سمیت 7 فرمز نے ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن کے پاس جو اپیل دائر کی تھی اور جس میں سیکریٹری جنرل فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور اس کے الیکشن کمیشن کے فیصلے کو چیلنج کیا گیا تھا۔ اس فیصلے میں انہوں نے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے خامس سعید بٹ اور عابد نثار کی فیڈریشن کے 2024 کے انتخابات کے لئے نامزدگیوں کو برقرار رکھا تھا اور اپیل کنندگان کے اعتراضات مسترد کر دیئے تھے۔ اس کے خلاف اپیلیں نجم الرحمن، مراد اقبال، عباس خورشید (زیڈ اے کارپوریشن، لاہور) محمد احسن رضا (احسن پیپر مارٹ، لاہور) قاضی اسد اللہ (واسا پرنٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ)، زاہد حسین مگوں (ٹریڈ انٹرنیشنل لاہور) اور محمد فاروق (حدیبیہ پیپر مارٹ لاہور) نے دائر کی تھیں اور انہوں نے اراکین الیکشن کمیشن ایف پی سی سی آئی، سیکریٹری جنرل ایف پی سی سی آئی، سیکریٹری جنرل آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور نامزد اراکین خامس سعید بٹ اور عابد نثار کو فریق بنایا تھا۔ ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن نے ان اپیلوں کی سماعت پیر 4 دسمبر اور منگل 5 دسمبر کو اسلام آباد میں کی۔ سماعت کے دوران ملنے والی اطلاعات کے مطابق اس موقع پر انصاف بزنس پینل کی جانب سے ڈان پیپر مارٹ کے مراد اقبال اور ان کے وکیل رضوان شبیر کیانی جبکہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے سیکریٹری جنرل کے علاوہ سعد صہیب وائیں 4 دسمبر کو پیش ہوئے جبکہ 5 دسمبر کو اپیما کی جانب سے صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن شہزاد شوکت ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ اس موقع پر انصاف بزنس پینل کے مراد اقبال اور ان کے وکیل نے تمام تر زور ڈی جی ٹی او کی جانب سے جاری کئے گئے احکامات اور خطوط پر دیا جس میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کو غیر فعال اور ایسوسی ایشن کا نام و مہر استعمال کرنے سے روکا گیا تھا۔ انہوں نے موقف اختیار کیا کہ چونکہ ایسوسی ایشن غیر فعال ہے اس لئے اس کی جانب سے فیڈریشن میں کی جانے والی نامزدگیاں غیر قانونی ہیں۔ لہٰذا فیڈریشن کے سیکریٹری جنرل اور الیکشن کمیشن کے احکامات غیر قانونی قرار دیئے جائیں۔ انصاف بزنس پینل نے اس سلسلے میں مزید کہا کہ چونکہ ایسوسی ایشن نے 2019 کے بعد سے انتخابات نہیں کرائے لہٰذا اس کی کوئی حیثیت نہیں۔ اس سلسلے میں دلچسپ بات یہ ہے کہ انہوں نے لاہور ہائی کورٹ میں دائر مقدمات کے حوالے سے ججز کے ریمارکس اور احکامات کا کوئی تذکرہ نہیں کیا۔ بعدازاں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر شہزاد شوکت نے کہا کہ ڈی جی ٹی او نے جتنے احکامات اور خطوط جس کا تذکرہ فریق اول نے کیا ہے ان میں سے بیشتر احکامات کو ہائی کورٹ نے معطل کر رکھا ہے، لہٰذا ان کے اطلاق کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، انہوں نے کہا کہ کیس کے دوران ججز کے تحریری ریمارکس میں یہ بات موجود ہے کہ ڈی جی ٹی او نے کن قوانین کے تحت یہ احکامات جاری کئے، اور اس سلسلے میں ان سے باز پرس ہونی چاہیئے۔ تاہم ابھی فیصلے کا انتظار ہے۔ شہزاد شوکت نے کہا کہ ایسوسی ایشن ڈی جی ٹی او کے ساتھ ساتھ کمپنیز آرڈیننس کی دفعہ 42 کے تحت بھی رجسٹرڈ ہے اور اس پر اس کے قوانین کا بھی اطلاق ہوتا ہے۔ کمپنیز آرڈیننس کی دفعہ 158 کے مطابق ادارے کا تسلسل جاری رہنا چاہیئے، اور اگر کسی وجہ سے انتخابات نہ ہوسکیں تو جو موجودہ عہدیدار ہے وہ اس وقت تک عہدیدار رہیں گے جب تک نئے ڈائریکٹرز کا انتخاب نہیں ہو جاتا۔ شہزاد شوکت نے اس سلسلے میں تازہ ترین مثال پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے آئین میں درج ہے کہ 90 دن میں انتخابات ہونے چاہئیں، لیکن یہ انتخابات نہیں ہوئے تو اس لحاظ سے تو پورے پاکستان کو 91 ویں دن بند ہو جانا چاہیئے۔ حکومت ختم ہو جانی چاہیئے اور کسی کو کام کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیئے لیکن سپریم کورٹ نے تسلسل کو برقرار رکھا اور قانون بھی حق دیتا ہے کہ تسلسل نہیں ٹوٹنا چاہیئے۔ شہزاد شوکت نے مزید کہا کہ کمپنیز آرڈیننس کی دفعہ 4 کہتی ہے کہ اس کا اطلاق پورے پاکستان پر ہوگا اور اگر کوئی قانون 2017 سے پہلے موجود ہے اور اس سے متصادم ہے تو یہ اس پر بھی لاگو ہوگا۔ (باقی صفحہ ۱۲ پر)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## 18ویں عالمی کتب میلے کی تیاریاں عروج پر، 14 دسمبر کو افتتاح ہوگا، عزیز خالد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کتابوں سے پیار کرنے والوں کے لیئے انتظار کی گھڑیاں اب ختم ہورہی ہیں اور ہر سال کی طرح اس سال بھی 14 دسمبر کو 18ویں عالمی کتب میلے کا افتتاح ہوگا، چیئرمین پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن عزیز خالد نے پیپر بزنس کو بتایا کہ اس سال بھی نمائش میں ملکی وغیر ملکی پبلشرز کی بڑی تعداد اپنی کتابوں کے ساتھ میلے میں شرکت کر رہی ہے۔ 14 دسمبر کو عام پبلک کے لئے صبح 10 بجے نمائش کھول دی جائے گی جبکہ افتتاحی تقریب دوپہر 12 بجے ایکسپو سینٹر میں ہی منعقد ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ اس سال بھی 350 سے زائد اسٹال ہولڈر شرکت کر رہے ہیں، یہ میلہ صبح 10 بجے سے رات 9 بجے تک جاری رہے گا اور اس میں داخلہ مفت ہوگا۔ میلہ ہال نمبر ایک، دو اور تین میں منعقد کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی ہے کہ اس سال پانچ لاکھ سے زائد افراد میلے میں شرکت کریں گے۔

## انڈونیشیا کے بعد دیگر ممالک کے آفسیٹ پیپر پر بھی اینٹی ڈمپنگ کی کارروائی روک دی گئی

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) نیشنل ٹیرف کمیشن کی جانب سے سن سیٹ ریویو کی درخواست پر جو اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کی کارروائی کا آغاز 2 نومبر کو کیا گیا تھا اس سلسلے میں انڈونیشین امپورٹرز کی درخواست پر صرف انڈونیشیا کی حد تک اینٹی ڈمپنگ کی کارروائی کو گزشتہ ہفتے روک دیا گیا تھا۔ اب دیگر ممالک کے خلاف بھی کارروائی روک دی گئی ہے واضح رہے کہ یہ اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی انڈونیشیا کے ساتھ ساتھ دیگر ممالک جن میں تھائی لینڈ، برازیل، جاپان اور چائنا شامل ہیں پر یہ ڈیوٹی عائد کی گئی تھی جس کی مدت 29 مارچ 2023 کو ختم ہوگئی تھی اور مقامی کاغذ ملوں نے اس کے دوبارہ نفاذ کے لئے این ٹی سی سے رجوع کیا تھا جس پر 2 نومبر کو این ٹی سی نے ایک نوٹس کے ذریعے اس کے دوبارہ نفاذ کے لئے کارروائی کا آغاز کیا تھا جس کے خلاف کارروائی روک دی گئی ہے۔ واضح رہے کہ 29 مارچ 2023 کو اس اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کی مدت ختم ہوگئی تھی اور 30 مارچ کو اس کا کوئی وجود نہیں تھا اسی لئے اس کو کسٹم کے ویبوک سسٹم سے بھی ہٹا دیا گیا تھا۔ اینٹی ڈمپنگ کے ماہرین کے مطابق سن سیٹ ریوو اس وقت داخل کیا جا سکتا ہے جب وہ ختم نہ ہوا ہو جبکہ اس کیس میں 29 مارچ کو یہ ڈیوٹی ختم ہوگئی تھی کیونکہ نیشنل ٹیرف کمیشن کا وجود نہیں تھا اور بغیر کمیشن کے کسی درخواست کو قبول نہیں کیا جا سکتا۔ اس سلسلے میں معلوم ہوا ہے کہ 7 جنوری 2023 کو کمیشن کا کوئی بھی ممبر موجود نہیں تھا اور فریقین اور پیپر ملوں نے 10 جنوری کو درخواست داخل کی تھی جو کمیشن کی عدم موجودگی کے باعث قبول نہیں کی جا سکتی تھی۔ لیکن این ٹی سی نے غیر قانونی طور پر اس کو قبول کیا۔ حالانکہ اس نے اپنے نوٹس میں بھی لکھا ہے کہ درخواست کے وقت کمیشن موجود نہیں تھا۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ 10 مارچ کو کن اختیارات کے تحت یہ درخواست قبول کی گئی اور اس پر کارروائی شروع کی گئی۔ ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن کے قوانین کے تحت بھی یہ ضروری ہے کہ ملک میں رائج قوانین پر مکمل عملدرآمد کیا جائے۔ قانونی ماہرین نے اس سلسلے میں بی او پی پی فلم کے کیس کا بھی حوالہ دیا جس میں ڈبلیو ٹی او نے وقت کی پابندی کو لازمی قرار دیا ہے اور پھر این ٹی سی کو اپنا کیس واپس لینا پڑا تھا۔ اس کیس کے سلسلے میں آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا اور ٹریڈ انٹرنیشنل کے بلال زاہد نے خصوصی دلچسپی لے کر یہ حکم امتناع حاصل کیا۔

## لاہور: ری سائیکل پیپر ٹریڈرز یونین کا قیام




لاہور (پیپر بزنس نیوز) لاہور میں ری سائیکل پیپر ٹریڈرز یونین کا قیام عمل میں آیا ہے جس کا صدر ملک الیاس، چیئرمین ملک شوکت اور ڈپٹی جنرل سیکریٹری ملک شرافت کو منتخب کیا گیا ہے۔

## انٹر بینک: ڈالر 284 روپے کا ہوگیا

کراچی (بزنس ڈیسک) بدھ 6 دسمبر کو کاروبار کے آغاز میں انٹر بینک میں ڈالر چند پیسے سستا ہوا ہے۔ انٹر بینک میں ڈالر 38 پیسے کی کمی سے 284 روپے کا ہوگیا۔ جبکہ منگل 5 دسمبر کو انٹر بینک میں ڈالر 284 روپے 38 پیسے پر بند ہوا تھا۔

## نیو یا رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کیس-سپریم کورٹ نے فریقین کو نوٹسز جاری کر دیئے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) مشہور زمانہ نیو یا رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کیس جو سندھ ہائی کورٹ سے آئی بی ایم کی رہنمائی میں جیتا گیا تھا اور جس میں کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر تسلیم کر لیا گیا تھا، کسٹم نے سندھ ہائی کورٹ کے اس فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل دائر کر دی ہے اور اس سلسلے سپریم کورٹ کی جانب سے فریقین کو جوابات داخل کرنے کے لئے نوٹسز جاری کر دیئے گئے۔ چیئرمین بزنس مین پینل اور صدر آئی بی ایم نے پیپر بزنس کو بتایا کہ اس کیس میں کوئی جان نہیں ہے اور انہوں نے جو نکات اٹھائے ہیں ان کا پہلے ہی ہائی کورٹ میں جواب موجود ہے لہٰذا اس میں کوئی پریشانی کی بات نہیں ہے اور انشاءاللہ یہ کیس بھی ہم جیتیں گے اور ٹریڈ دشمن عناصر کو منہ کی کھانی پڑے گی۔

## اپیما کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد کیلئے تیاریاں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) اپیما کے بارہویں کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد کے لئے تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا ہے اور جلد ہی گراؤنڈ اعلان کر دیا جائے گا۔ واضح رہے کہ 2020 میں گیارہویں اپیما کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد کے بعد 2021، 2022 اور 2023 میں کرونا کے باعث اس ٹورنامنٹ کا تسلسل ٹوٹ گیا تھا۔ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے پیپر بزنس کو بتایا کہ اب 2024 میں اس سلسلے کو دوبارہ شروع کرنے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں اور ابتدائی طور پر 4 فروری 2024 کی متوقع تاریخ مقرر کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں کرکٹ ٹورنامنٹ کی خصوصی کمیٹی میں علی حیدر اور رضا شیخ سمیت متعدد سینئر اراکین شامل کئے گئے ہیں۔ جنہوں نے اس کے انتظامات کے حوالے سے ابتدائی خاکہ تیار کر لیا ہے جو کمیٹی کے قیام کے بعد اس کی منظوری سے کام کا باقاعدہ آغاز کر دے گی۔ کمیٹی اس وقت گراؤنڈ کا تعین کرنے میں مصروف ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# 17ویں بین الاقوامی کتب میلہ 2022 کی افتتاحی تقریب کی تصویری جھلکیاں




08 دسمبر 2022 کو سترویں بین الاقوامی کتب میلہ کی افتتاحی تقریب میں اسٹیج کا منظر۔ وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ، مہتاب اکبر راشدی، وقار متین خان اور قاضی عابد بیٹھے ہیں، ان کے ہمراہ چیئرمین پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن عزیز خالد اور دیگر بھی موجود ہیں۔ دیگر تصاویر میں گورنر سندھ کامران ٹیسوری، ایڈمنسٹریٹر کراچی ڈاکٹر سیف الرحمان، ممتاز بخاری، افضال احمد اور زبیر سید کے علاوہ ایسوسی ایشن کے دیگر عہدیداران و اراکین مینیجنگ کمیٹی، تقریب کے شرکاء اور ممتاز ادبی و سماجی شخصیات کے ہمراہ گروپ فوٹو۔ 18 واں کتب میلہ 14 دسمبر 2023 سے ایکسپو سینٹر کراچی میں شروع ہو گا۔




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper , China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 32212081, 32601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper , China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725


IBM™

ISO 9001: 2015
CERTIFIED

# انٹر نیشنل بزنس مینجمنٹ

## اپنے اراکین و گاہگوں کے لئے
## خدمت میں ایک قدم اور آگے

## IBMکی طرف سے پیپر کی گرامیج معلوم کرنے کا آلہ





**Sponsored By IBM**

اپنے معزز کرم فرماؤں کو یقین و اعتماد کے ساتھ خریداری میں مدد کے لئے۔

تا کہ وہ معیار اور مقدار کے بارے میں از خود اطمینان حاصل کر سکیں

آئی بی ایم کے اراکین کے لئے رعایتی نرخ پر دستیاب ہے

رابطے کے لئے **0300-2011313**

IBM™

## International Business Managemnet

**First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company In Pakistan**

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Near Burhani Hospital,
Karachi UAN:111-IBK-PAK

Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786

Email: saleem.bikiya@ibmpak.com Website:www.ibmpakistan.com

Certified Quality Management System
ISO 9001: 2015

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Winner of Brands of the year Award 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Winner of Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper , China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# آفسیٹ آئی کے، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری رہیں اور 6 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں آفسیٹ آئی کے، اسٹیکر پیپر کانٹیک، سپر ٹیک، گولڈن ٹیک جی ایس ایف، پاور ٹیک، وائی ایم سی، لیبل ٹیک اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ کی صورتحال یہ ہے کہ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام 500، روپے سے کم ہوکر 490 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 52 گرام، 182 روپے سے بڑھ کر 185 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 1030 روپے سے کم ہوکر 1020 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام 1280، روپے سے کم ہوکر 1240 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 1020 روپے سے بڑھ کر 1030 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی A3 سائز 70 گرام 2600، روپے سے کم ہوکر 2500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام 1400، روپے سے کم ہوکر 1300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام 1420، روپے سے کم ہوکر 1410 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 80 گرام، 1250 روپے سے کم ہوکر 1200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر کانٹیک 20x30 سائز 4300 روپے سے کم ہوکر 4000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر سپر ٹیک، 20x30 سائز، 4200 روپے سے کم ہوکر 4050 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز 4200، روپے سے کم ہوکر 4100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز، 4000 روپے سے کم ہوکر 3900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 4200 روپے سے کم ہوکر 4000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 4200 روپے سے کم ہوکر 4100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# کرایوں میں 75 فیصد اضافے کیخلاف میئر کے دفتر کے سامنے احتجاج

## مارکیٹوں میں احتجاجی بینرز لگ گئے، رابطہ مہم کا آغاز، اجلاس سے محمود حامد، احسان گجر، انیس میمن و دیگر کا خطاب

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان آرگنائزیشن آف اسمال ٹریڈرز اینڈ کاٹیج انڈسٹریز کراچی کے صدر اور کے ایم سی مارکیٹس الائنس کے کنوینر محمود حامد نے کے ایم سی کی مارکیٹوں کے کرائے میں 75 فیصد ظالمانہ اضافہ کے خلاف احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کے ایم سی مارکیٹس کے عہدیداروں کے مشاورت سے فیصلہ کیا گیا کہ کرایوں میں ظالمانہ اضافے کے خلاف جمعہ 8 دسمبر 2023 کو 3 بجے کے ایم سی ہیڈ افس کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا۔ اجلاس سے کراچی موٹر سائیکل ڈیلرز ایسوسی ایشن کے صدر احسان گجر، مچھی میانی مارکیٹ کے رہنما انیس میمن، مرزا آدم خان مارکیٹ کے رہنما انیس میمن، لی مارکیٹ کے رہنما رفیع اللہ اور دیگر نے خطاب کیا۔ محمود حامد نے اپنے خطاب میں کہا کہ 75 فیصد ظالمانہ اضافہ غیر قانونی ہے اس لیے کہ قانون کرایہ داری 1979 صرف 10 فیصد کرایہ بڑھانے کی اجازت دیتا ہے جبکہ کے ایم سی مارکیٹوں کے کرائے داروں کو 75 فیصد کرائے بڑھا کر واؤچرز دیے جارہے ہیں اور بلدیہ کی اسٹیٹ ڈائریکٹر نے اعلان کیا ہے کہ 75 فیصد اضافہ ہم نے ابھی کیا ہے اور 75 فیصد اضافہ آئندہ چھ ماہ میں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کے ایم سی کے کرایوں میں 150 فیصد اضافہ غیر قانونی ہے بلکہ کرائے داروں پر ظلم کے مترادف ہے جس کو کسی صورت قبول نہیں کریں گے اور ظالمانہ اضافے کہ خاتمے تک احتجاج جاری رکھیں گے۔ کراچی موٹر سائیکل ڈیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین احسان گجر نے کہا کہ ملک کے معاشی و کاروباری حالات خراب سے خراب تر ہوتے جارہے ہیں ہزاروں تاجر دیوالیہ ہو چکے ہیں لوگ معاشی پریشانیوں کی وجہ سے اپنے خاندان سمیت خودکشیاں کر رہے ہیں ایسی صورتحال کے اندر بلدیہ کراچی کی جانب سے ڈیڑھ سو فیصد کرائے میں اضافہ انتہائی شرمناک ہے اور کراچی کے تاجروں کو فاقہ کشی کی طرف دھکیلنے کے مترادف ہے۔ مچھی میانی مارکیٹ کے رہنما انیس میمن نے کہا کہ پیر سے ہم تمام کے ایم سی مارکیٹوں میں رابطے شروع کریں گے ہر مارکیٹ میں احتجاجی بینر لگائے جائیں گے اور جمعہ کے احتجاج کو بھرپور کامیاب بنایا جائے گا۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

0308-2933229

CARBONLESS

WHITE & COLOUR

24 X 34    23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# نان فائلرز کے بجلی کنکشن کاٹنے کا فیصلہ

کراچی (نیوز ڈیسک) آئی ایم ایف مذاکرات کے تحت نان فائلرز کے بجلی کنکشن کاٹنے کا فیصلہ، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) تکنیکی ٹیم کے مذاکرات میں اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ ایف بی آر اور آئی ایم ایف تکنیکی ٹیم کے ورچوئل مذاکرات میں کمپلائنس رسک مینجمنٹ سمیت مختلف شعبوں سے ٹیکس کی وصولی پر تبادلہ خیال ہوا۔ ذرائع ایف بی آر نے بتایا کہ ورچوئل مذاکرات میں منافع بخش کاروبار پر ٹیکسوں کے نفاذ پر بھی بات چیت ہوئی اور نان فائلرز کو بھجوائے گئے نوٹسز پر آئی ایم ایف ٹیم کو بریفنگ دی گئی۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر نے آئی ایم ایف تکنیکی ٹیم کو بریفنگ میں بتایا کہ اب تک 7 لاکھ 46 ہزار نان فائلرز کو نوٹسز بھیجے جا چکے ہیں، اس میں نان فائلرز کے خلاف بجلی کے کنکشن کاٹنے کا قدم اٹھایا جائے گا۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ آئی ایم ایف تکنیکی ٹیم ایف بی آر سے ہونے والے مذاکرات پر رپورٹ جاری کرے گی جبکہ آئی ایم ایف تکنیکی ٹیم اور ایف بی آر کے درمیان رواں ہفتے مذاکرات جاری رہیں گے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو ) ایف بی آر ( نے قابل ٹیکس آمدنی رکھنے کے باوجود ٹیکس نیٹ سے باہر آٹھ لاکھ نان فائلرز کو نوٹس جاری کر دیئے۔ ذرائع کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے نادرا کے ساتھ ڈیٹا انٹیگریشن کے تحت پندرہ لاکھ کے لگ بھگ لوگوں کے بارے میں تفصیلات اکٹھی کی ہیں جنکی کراس میچنگ کی جارہی ہے جس میں قابل ٹیکس آمدنی رکھنے کے باوجود ٹیکس نیٹ سے باہر ہونے کے ٹھوس شواہد ملنے پر نوٹس جاری کئے جارہے ہیں۔ ایف بی آر ذرائع کا کہنا ہے کہ اس بارے میں پاکستان کے دورے پر آئی ہوئی آئی ایم ایف کی ٹیکنیکل ٹیم کو بھی آگاہ کر دیا گیا ہے کہ ٹیکس نیٹ اور ٹیکس ٹو جی ڈی پی کی شرح بڑھانے کیلئے مرتب کردہ منصوبے پر عملدرآمد شروع کر دیا گیا۔ ملک بھر میں قائم کئے جانے والے 145 ڈسٹرکٹ ٹیکس آفسز بھی فعال ہو چکے ہیں۔ ایف بی آر اور نادرا مل کر قابل ٹیکس آمدنی رکھنے کے باوجود ٹیکس نیٹ سے باہر لوگوں کا سراغ لگا رہے ہیں اور انکی فہرستیں مرتب کر کے متعلقہ ڈسٹرکٹ ٹیکس آفسز کو بھجوائی جارہی ہیں جہاں ڈسٹرکٹ ٹیکس آفس انکے خلاف کارروائی کر رہا ہے۔ ابتدائی طور پر نان فائلرز کو نوٹس جاری کئے جارہے ہیں جس کے بعد بھی جو لوگ انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہیں کروائیں گے قانون کے مطابق انکے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انکے بجلی، گیس کے کنکشن منقطع کر دیئے جائیں گے اور انکے نام پر جاری ہونے والی سمیں بھی بلاک کر دی جائیں گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ان لوگوں کے بجلی و گیس کے کنکشن اور سمیں ایف بی آر کے این او سی کے بعد بحال کی جائیں گی۔ آئی ایم ایف کی ٹیکنیکل ٹیم کو یہ بھی بتایا گیا ہے کہ ایف بی آر اور آئی ایم ایف تکنیکی وفد ٹیکس پالیسی میں ترامیم کیلئے اقدامات کریں گے، جس کا مقصد ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا اور زیادہ ریونیو اکٹھا کرنا ہو۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ریٹیلرز کیلئے اسکیم متعارف کرانے کا بنیادی ڈھانچہ بھی تکنیکی وفد کے ساتھ مل کر تیار کیا جائے گا۔ ٹیکس پالیسی کے ذریعے مزید 10 سے پندرہ لاکھ لوگوں کو ٹیکس نیٹ میں لا کر جون 2024 تک ٹیکس دہندگان کی تعداد 60 لاکھ تک پہنچائی جائے گی۔

## اسلام آباد ہائیکورٹ: بینکوں کے منافع پر عائد 40 فیصد ونڈ فال ٹیکس معطل

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ نے گزشتہ 2 برس کے دوران بینکوں کو غیر ملکی زرمبادلہ کے لین دین سے حاصل ہونے والے منافع پر عائد کردہ 40 فیصد ٹیکس (ونڈ فال ٹیکس) کا اطلاق معطل کر دیا ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے ٹیکس کی معطلی کے حوالے سے تحریری حکم نامہ بھی جاری کر دیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے ایف بی آر کی جانب سے جاری اضافی ٹیکس سے متعلق ایس آر او بھی معطل قرار دے دیا۔ حکمنامے میں کہا گیا کہ درخواست گزار وکیل سلمان اکرم راجا نے کہا کہ یہ اضافی ٹیکس نگران حکومت کی جانب سے لگایا گیا ہے لیکن ٹیکسیشن کے معاملات نگران حکومت کے دائرہ اختیار میں نہیں آتے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے کہا کہ سیکشن 99 ڈی کے تحت اضافی ٹیکس کے اطلاق کا نوٹیفکیشن قومی اسمبلی میں پیش کرنا ضروری ہے اور نوٹیفکیشن کو قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لیے قومی اسمبلی کا ہونا ضروری ہے۔ حکمنامے میں کہا گیا کہ اگر قومی اسمبلی موجود بھی ہے تو عین ممکن ہے کہ اضافی ٹیکس کے نوٹیفکیشن کی حمایت نہ کرے، اگر قومی اسمبلی اضافی ٹیکس کی حمایت نہیں کرتی تو ٹیکس کا اطلاق نہیں ہوگا۔ عدالت نے کہا کہ ونڈ فال آمدن پر اضافی ٹیکس کا ایس آر او آئندہ سماعت تک معطل کیا جاتا ہے اور درخواست پر فریقین کو نوٹسز جاری کیے جاتے ہیں، اب آئندہ سماعت 8 دسمبر کو ہوگی۔ واضح رہے کہ گزشتہ ماہ نگران حکومت نے گزشتہ 2 برس کے دوران بینکوں کو غیر ملکی زرمبادلہ کے لین دین سے حاصل ہونے والے منافع پر 40 فیصد ٹیکس عائد کر دیا تھا۔ رپورٹس کے مطابق بینکوں نے 2021 اور 2022 کے دوران روپے اور ڈالر کی سٹہ بازی پر مبنی تجارت سے 110 ارب روپے کا بھاری منافع کمایا گیا تھا جس پر حکومت کو شدید تنقید کا سامنا تھا اور اسی کے پیش نظر نگران حکومت کی کابینہ نے ونڈ فال ٹیکس کی منظوری دی تھی۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان میں کہا گیا تھا کہ کابینہ نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی ایک تجویز کی منظوری دی، جس میں کہا گیا ہے کہ فنانس ایکٹ 2023 کے تحت انکم ٹیکس آرڈیننس 2021 میں سیکشن 99 ڈی متعارف کرایا گیا تاکہ بینکوں کے منافع پر ونڈ فال ٹیکس عائد کیا جا سکے۔ نگران حکومت بھی قیاس آرائیوں کی بنیاد پر کرنسی کے تبادلے سے بینکوں کو حاصل ہونے والی آمدنی پر ٹیکس لگانے کی خواہاں تھی اور اس ٹیکس سے حکومت کو 40 ارب روپے سے زائد کی آمدن کا اندازہ لگایا گیا تھا۔

### بقیہ: اسلام آباد میں سماعت

انہوں نے مزید کہا کہ اسی طرح کمپنیز آرڈیننس کی دفعہ 505 بھی کہتی ہے کہ اس کا اطلاق ٹریڈ آرگنائزیشنز پر بھی ہوگا۔ شہزاد شوکت کے مطابق ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ دفعہ (3)18 کے تحت نامزدگی پر اعتراضات صرف ممبر کر سکتے ہیں اور فیڈریشن نے اسی نقطے کی بنیاد پر ان کی درخواستیں خارج کی ہیں کہ یہ براہ راست فریق نہیں ہیں اور فیڈریشن کے ممبر بھی نہیں ہیں اور کسی ایسوسی ایشن کی نمائندگی نہیں کر رہے اس لئے یہ اعتراضات نہیں کر سکتے۔ شہزاد شوکت نے آخر میں لاہور ہائی کورٹ میں زیر التوا مقدمات میں ججز کے تحریری ریمارکس کا حوالہ دیا اور کہا کہ چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ نے یہ کہا کہ میرے احکامات کی موجودگی میں ڈی جی ٹی او کس طرح کہہ سکتا ہے کہ ایسوسی ایشن نے انتخابات نہیں کروائے اور ایسوسی ایشن میرے احکامات کی موجودگی میں انتخابات کیسے کروا سکتی تھی۔ شہزاد شوکت نے 2019 کی پٹیشن نمبر 66102 میں جاری احکامات میں انتخابات کو روکا گیا تھا اور کہا گیا ہے کہ ELECTION ARE TO BE HELD IN ABEYANCE . لہذا اب جب بھی لاہور ہائی کورٹ سے احکامات ملیں گے تو یہ انتخابات 2019 کے پروگرام سے ہی شروع ہوں گے اور ہماری بھی خواہش ہے کہ یہ جلد از جلد منعقد ہو جائیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ ایسوسی ایشنز میں اس قسم کے مسائل آتے رہتے ہیں جبکہ ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ دونوں فریقین ایک جنرل باڈی اجلاس بلاتے جو ایسوسی ایشن میں سپریم ہے اور اس میں بیٹھ کر متفقہ طور پر فیصلے کئے جاتے اور ایسوسی ایشن کے امور جاری رہتے لیکن ایسا نہ ہو سکا۔

## وکلا، ڈاکٹرز اور صنعت کاروں کے انکم ٹیکس کی چھان بین کا فیصلہ

لاہور (نیوز ڈیسک) ایف بی آر نے ملک کے امیر طبقات کے انکم ٹیکس کی چھان بین کا فیصلہ کر لیا ہے اور ذرائع کے مطابق صنعتکاروں، وکلاء اور ڈاکٹرز سمیت ملک کی طاقتور ایسوسی ایشنز کے ممبران کا ڈیٹا اکٹھا کیا جا رہا ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے ذرائع کے مطابق بڑی ایسوسی ایشنز کے ممبران کے شناختی کارڈ نمبرز اور موبائل نمبرز کی تصدیق کی جارہی ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان ریوینو آٹومیشن لمیٹڈ اور نادرا کا ڈیٹا اکٹھا کر کے ٹیکس کی چھان بین کی جائے گی۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# الیکٹرونکس امپورٹ فارم کی جانچ پڑتال سخت

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) محکمہ کسٹمز نے درآمدی کنسائمنٹس کی کلیئرنس کے لئے استعمال کئے جانے والے جعلی الیکٹرونکس امپورٹ فارم کی روک تھام کے لئے سخت اقدامات اٹھائے گئے ہیں، تفصیلات کے مطابق محکمہ کسٹمز نے تمام افسران واسٹاف کو ہدایات جاری کی ہیں کہ درآمد کئے جانے والے کنسائمنٹس کی فائل کی جانے والے ہر گڈز ڈیکلریشن میں الیکٹرونکس امپورٹ فارم (ای آئی ایف) کی باریک بینی سے جانچ پڑتال کی جائے اور ویبوک سسٹم میں کسی بھی گڈز ڈیکلریشن (جی ڈی) پر عملدرآمد اس وقت تک نہیں کیا جائے جب تک متعلقہ بینک سے الیکٹرونکس امپورٹ فارم کی تصدیق نہ ہوجائے کہ الیکٹرونکس امپورٹ فارم فائل کی جانے والی گڈز ڈیکلریشن میں ظاہر کیا جانے والی اشیاء سے متعلق ہے علاوہ ازیں ای ایف آئی میں درآمدی کنسائمنٹس کی ویلیواورانوائس کی بھی باریک بینی سے جانچ پڑتال کی جائے گی جبکہ تضاد کی صورت میں متعلقہ بینک سے تضاد سے متعلق معلومات حاصل کی جائیں گی اور الیکٹرونکس امپورٹ فارم پر ظاہر کئے ہوئے درآمدکنندگان کے نام اور پتے کی بھی تصدیق ہو گی۔ دستاویزات کے مطابق اگر متعلقہ بینک کی جانب سے ای آئی ایف کی تصدیق نہیں کی تو قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ واضح رہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ کی جانب سے اس امر کی نشاندہی کی گئی تھی کہ سولر پینل کی درآمد میں جعلی الیکٹرونکس امپورٹ فارم کا استعمال کر کے کنسائمنٹس کی کلیئرنس ہوئی اور اربوں روپے کی منی لانڈرنگ کی گئی ہے جبکہ اس سلسلے میں بینکوں کی جانب سے سہولت کار کا کردار ادا کیا ہے۔

## کروڑوں کی انڈر انوائسنگ کے الزام میں کمپنی اور کلیئرنگ ایجنٹ کیخلاف مقدمہ

کراچی (بزنس ڈیسک) ڈائریکٹوریٹ آف کسٹمز انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن کراچی نے انڈر انوائسنگ کے ذریعے کروڑوں روپے کے ڈیوٹی و ٹیکس کی چوری کے الزام میں ایک کمپنی اور اس کے کلیئرنگ ایجنٹ کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایک اطلاع پر میسرز فوڈلنکس انٹرنیشنل کی جانب سے درآمد کئے جانے والے ویجیٹیبل آئل اور اس کی مصنوعات کے کنسائمنٹس کی نگرانی کی گئی اور مذکورہ کمپنی کی جانب سے انڈونیشیا سے کئے جانے والے چار کنسائمنٹس کو روک کر اس کے دستاویزات کی جانچ پڑتال کی گئی تو درآمد میں بڑے پیمانے پر انڈر انوائسنگ کا انکشاف ہوا ڈائریکٹوریٹ ذرائع کے مطابق درآمدکنندہ نے متعدد کنسائمنٹس کی کلیئرنس کر کے قومی خزانے کو 27 کروڑ سے زائد مالیت کا نقصان پہنچایا ہے۔

## غیرقانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث گینگ کا سرغنہ گرفتار

کراچی (نیوز ڈیسک) ایف آئی اے اسٹیٹ بینکنگ سرکل نے گارڈن ایسٹ سے غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق گرفتار ملزم نور محمد حوالہ ہنڈی اور کرنسی کی غیر قانونی ایکسچینج میں ملوث تھا۔ ملزم کے قبضے سے لاکھوں مالیت کی ملکی و غیر ملکی کرنسی برآمد کر لی گئی۔ گرفتار ملزم بغیر لائسنس غیر ملکی کرنسی ایکسچینج میں بھی ملوث تھا۔

## لاہور ہائیکورٹ، بجلی بلوں میں سیلز ٹیکس وصولی روکنے کا حکم

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس عابد عزیز شیخ نے بجلی بلوں میں سیلز ٹیکس وصولی روکنے کا حکم دے دیا ، عدالت نے قرار دیا کہ بجلی کے بلوں کے ذریعے وصولی درست نہیں ہے، ایف بی آر سیلز ٹیکس خود وصول کرے ، ایف بی آر کے پاس سیلز ٹیکس وصولی کے بہت سارے اختیارات ہیں ، مختلف اسٹیل ملوں نے درخواستوں میں موقف اپنایا کہ ایف بی آر بجلی کے بلوں کے ذریعے سیلز ٹیکس وصول کر رہی ہے، قانون کے تحت سیلز ٹیکس بجلی کے بلوں کے ذریعے وصول نہیں کیا جاسکتا ، عدالت بجلی کے بلوں کے ذریعے سیلز ٹیکس وصولی کو کالعدم قرار دے۔ ایف بی آر نے کہا بجلی کے بلوں کے ذریعے سیلز ٹیکس وصول نہیں کر رہے ، سیلز ٹیکس بقایا جات نہ دینے والوں کے بجلی کنکشن منقطع کرنے کا مراسلہ ڈسکوز کو جاری کیا ہے، مراسلہ سیلز ٹیکس سپیشل پروسیجر 2007 کے تحت جاری کیا۔

## وی بوک اور پاکستان سنگل ونڈو سسٹم میں فراڈ کا انکشاف

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستان کسٹمز اپریزمنٹ ویسٹ کراچی کی جانب سے وی بوک اور پاکستان سنگل ونڈو سسٹم میں فراڈ کا انکشاف کیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ دونوں خودکار سسٹم میں فراڈ کر کے درست ریکارڈ کے بغیر رقم بیرون ملک منتقل ہونے کے خدشات پیدا ہوگئے ہیں۔ حکام کے مطابق درآمدکنندگان نے بینک کی اجازت کے بغیر اوپن اکاؤنٹ موڈ کے ساتھ اپنی کنسائمنٹس کی کلیئرنس کے لیے محکمہ کسٹمز میں گڈز ڈیکلریشنز داخل کرائی تھی، اوپن اکاؤنٹ کی سہولت کا ناجائز فائدہ اٹھانے والے امپورٹرز کی اطلاع ایف بی آر کو موصول ہوئی تھی، جس سے ڈائریکٹوریٹ کسٹمز ریفارمز اینڈ آٹومیشن کو آگاہ کیا گیا تھا۔ موصولہ اطلاع پر وی بوک اور پاکستان سنگل ونڈو سسٹم کی ٹیموں نے اوپن اکاؤنٹ کے ذریعے کلیئرنس حاصل کرنے والے امپورٹرز کے ڈیٹا کی تفصیلی جانچ پڑتال کی جانچ پڑتال کے دوران اس بات کا انکشاف ہوا کہ کچھ امپورٹرز اور کسٹمز کلیئرنگ ایجنٹس کی جانب سے اسٹیٹ بینک فارن ایکس چینج مینوئل کی خلاف ورزی کی گئی ہے۔ کسٹم حکام نے فراڈ میں ملوث 10 امپورٹرز کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے اور فراڈ میں ملوث 4 کسٹمز کلیئرنگ ایجنٹس کے خلاف بھی مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ کسٹمز حکام نے فراڈ میں ملوث 3 افراد کو گرفتار کرلیا ہے جبکہ باقی ماندہ افراد نے ضمانت قبل از گرفتاری کرالی ہے، جن امپورٹرز کے خلاف مقدمات درج کیے گئے ہیں، ان میں میسرز مقصود اسٹیل، میسرز احمد نور اسٹیل، میسرز آصف اسٹیل، میسرز البرکہ اسٹیل، میسرز ہارون برادرز اسٹیل، میسرز وقاص اسٹیل، میسرز سنکو اسٹیل و دیگر شامل ہیں۔

## دنیا کے سستے ترین شہروں میں کراچی چوتھے نمبر پر ہے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) معیشت اور شماریات کے ایک مستند اور معروف ادارے نے دنیا کے مہنگے اور سستے ترین شہروں کی فہرست جاری کردی جس میں سستے ترین شہروں میں چوتھے نمبر پر پاکستان کا ایک شہر بھی شامل ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اکنامسٹ انٹیلی جنس یونٹ کی سال 2023 کی فہرست میں 173 شہروں میں سے دنیا کے مہنگے ترین شہر سنگھاپور اور زیورخ قرار پائے ہیں۔ مہنگے ترین ممالک کی فہرست میں دوسرے نمبر پر نیویارک اور جنیوا مشترکہ طور پر براجمان ہیں۔ علاوہ ازیں ہانگ کانگ، لاس اینجلس، پیرس، تل ابیب، کوپن ہیگن اور سان فرانسسکو بھی مہنگے ترین شہروں میں شامل ہیں۔ اس ڈیٹا کے لیے 14 اگست سے 11 ستمبر 2023 کے دوران سروے کرایا گیا تھا جس میں روزمرہ کی 200 اشیائے ضروریہ اور سروسز کا جائزہ لیا گیا جس میں 7.4 فیصد تک اضافہ ہوا تھا۔ دوسری جانب اسی ڈیٹا کے تحت دنیا کے سستے ترین شہروں کی فہرست کی بات کی جائے تو شام کا دارالحکومت دمشق مسلسل چوتھی بار سستا ترین شہر قرار پایا ہے اور اس کے بعد نمبر تہران کا آتا ہے۔ لیبیا کا دارالحکومت تریپولی تیسرے، کراچی چوتھے، ازبکستان کا تاشقند پانچویں، تیونس چھٹے، لوسا کا ساتویں اور بھارت کا احمد آباد آٹھویں نمبر پر ہے۔ علاوہ ازیں دنیا کے سستے ترین شہروں میں نویں اور دسویں نمبر بالترتیب نائیجریا کا شہر لاگوس اور بھارتی شہر چینائی براجمان ہیں۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## نیشنل انویسٹمنٹ ٹرسٹ کراچی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: ADMIN/STA/22/57
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 19 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: اسسٹنٹ چیف منیجر، نیشنل بینک بلڈنگ، 6th فلور، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی۔
فون: 59-021-32412056

## بہاء الدین ذکریا یونیورسٹی ملتان کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: T/2023-24/08
وائٹ امپورٹڈ پیپر، F4 سائز، 80 گرام، تعداد: 3000 ریم۔
امپورٹڈ پیپر، لیگل سائز، 70 گرام، تعداد: 400 ریم۔
امپورٹڈ پیپر، A4 سائز، 70 گرام، تعداد: 600 ریم۔
(برانڈ ڈبل اے یا مساوی)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: ٹریژرار، ملتان۔
فون: 111229988 EXT:1318

## ساہیوال انٹر بورڈ کا پرنٹڈ اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 619 / اسٹور
پرنٹڈ اسٹیشنری، پرنٹڈ لفافہ جات
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: شعبہ اسٹور، ساہیوال۔
فون: 040-4272159

## GC یونیورسٹی لاہور کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: UPC/SR/022/23-24
میگزین کی پرنٹنگ، تعداد: 300 کاپی
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹوریٹ آف پرچیز اینڈ انوینٹری کنٹرول، کچہری روڈ، لاہور۔ فون: 042-99213578

## منرلز سینٹر لاہور کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 11/23-24/MISC
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 26 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: منیجر (پروکیورمنٹ) آفس، پی او بکس نمبر 3013، فیروز پور روڈ، لاہور۔
فون: 042-99230737-43 EXT:239-345

## وومن یونیورسٹی فیصل آباد کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: GCWUF/2023-24/09
پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 1500 ریم۔
پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعداد: 1200 ریم۔
(کاپی میٹ پلس یا مساوی برانڈ)




اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ ری تاریخ: 20 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: کنوینیئر ٹینڈر کمیٹی آفس، فیصل آباد۔
فون: 041-9220670-75 EXT:2208-2207

## پنجاب کیٹل مارکیٹ کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:
PCMMDC-BD/2023-24/PROC-06
پیپر A4 سائز، 70 گرام، تعداد: 100 ریم، پی پی سی یا مساوی
اسٹیشنری آئٹمز، پرنٹنگ آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 18 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: دفتر چیف آپریٹنگ آفیسر، باہو منزل، گلی نمبر 2، گوہیر ٹاؤن، اپوزٹ کمشنر آفس، بہاولپور۔
فون: 062-9330047

## ایگریکلچر یونیورسٹی فیصل آباد کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 130/2023
آفسیٹ پیپر، سائز 23x36، 80 گرام، تعداد: 45 ریم۔
آرٹ پیپر، سائز 23x36، 128 گرام، تعداد: 23 ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹوریٹ آف پروکیورمنٹ اینڈ انوینٹری کنٹرول، فیصل آباد۔
فون: 041-9200898-9200161
EXT: 3503-3504-3505

## ہیلتھ سائنسز یونیورسٹی لاہور کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: UHS/PUR/1948/23
پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 2500 ریم،
ڈبل اے برانڈ یا مساوی
اسٹیشنری آئٹمز، پرنٹنگ آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: فنانس ڈپارٹمنٹ، کمرہ نمبر 9، خیابان، جامعہ پنجاب، لاہور۔

فون: 9-042-99231304

## پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 03 اسٹیشنری کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹر (ڈویلپمنٹ اینڈ پروکیورمنٹ) آفس، 13th فلور، سوفٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک، B-346، فیروز پور روڈ، لاہور۔
فون: 042-99000000

## ڈائریکٹر انفارمیشن (پبلی کیشن) کراچی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ڈیپارٹمینٹل میگزین کی پرنٹنگ (بڑی مقدار میں)۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: دفتر ڈائریکٹر انفارمیشن (پبلی کیشن)، محکمہ اطلاعات، بیرک نمبر 95، سندھ سیکریٹریٹ نمبر B-4، کورٹ روڈ، کراچی۔
فون: 021-99202610

## الیکشن کمشنر دفاتر کے اسٹیشنری کے ٹینڈرز

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر:
F.4(71)/2022-2023-DEC(KE)/GE
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 13 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: ۔دفتر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر (ایسٹ)، اولڈ ڈسٹرکٹ کونسل بلڈنگ، سرشاہ سلیمان روڈ، کراچی۔
فون: 021-99231029 / 99231499

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر:
F.4(1)/GE-23-24/DEC(S)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 13 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: ۔دفتر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر (ساؤتھ)، کوٹوال بلڈنگ، بالمقابل ڈاؤ یونیورسٹی، باب اردو روڈ، کراچی۔
فون: 021-99332592

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر:
13(21)2023-24-GE(Trg)Tender-DEC(SGR)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 13 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: ۔دفتر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر، ڈسٹرکٹ کونسل موٹل، حیدرآباد روڈ، سانگھڑ۔ فون: 0235-920261/62

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر:
F9(3)2023-ADMN-DEC/GHT/521
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 11 دسمبر 23-20ء
برائے رابطہ: دفتر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر، جیم خانہ پریمسز، متصل بینظیر انکم سپورٹ آفس، گھوٹکی۔ فون: 0723-600844

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: F7(11)2023/GE-DEC(SUJ)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 دسمبر 2023
برائے رابطہ: دفتر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر، کیماڑی، سجاول۔
فون: 0298510552


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# جعلی اور فلائنگ انوائسز کے ذریعے کروڑوں کا فراڈ

## 13 کروڑ سے زائد کا ٹیکس چوری ہوا۔ پتے جعلی نکلے، ایف آئی آر درج

